## کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے ہمارا جینا مرنا بھی اسی شہر سے وابستہ ہے، اراکین رابطہ کمیٹی

## ایم کیو ایم اس شہر کو اپنا سمجھتے ہیں لہٰذا ہمیں اس کی سزا دی جارہی ہے اور ہم مسلسل اپنے کارکنان کے جنازے اٹھا رہے ہیں

## ایم کیو ایم نے ہمیشہ تاجر برادری کا ساتھ دیا ہے اوران کے مشکلات ومسائل کے حل کیلئے آواز بلند کی ہے، وفد

## تاجروں کے جان و مال کا تحفظ فراہم کرنے کیلئے جرائم پیشہ دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے

## آل کراچی تاجر اتحاد کے نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ملاقات

کراچی:۔۔۔30، جون 2012ء

آل کراچی تاجر اتحاد کے صدر عتیق میر اور نائب صدر جمیل پراچہ کی سربراہی میں تاجر برادری کے نمائندہ وفد نے خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان توصیف خانزادہ اور واسع جلیل سے ملاقات کی اور اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد نے بتایا کہ دہشت گردوں کی جانب سے تاجروں کو بھتے کیلئے فون پر دھمکیاں دی جارہی ہیں، تاجروں کو مارکیٹوں اوران کے گھروں سے تاوان کیلئے اغواء کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے یہ صورتحال شہر کے چند علاقوں تک محدود تھی لیکن اب یہ دہشت گرد لیاقت آباد اور گلبہار میں بھی تاجروں کو بھتے کی پرچیاں دے رہے ہیں ایسی صورتحال میں تاجر برادری میں سخت خوف پایا جاتا ہے جس سے تاجر برادری کو لاکھوں روپے کا نقصان ہورہا ہے اور کراچی کی معیشت کو تباہ کیا جارہا ہے۔ وفد نے کہا کہ ایم کیو ایم نے ہمیشہ تاجر برادری کا ساتھ دیا ہے اوران کے مشکلات ومسائل کے حل کیلئے آواز بلند کی ہے ہمیں امید ہے کہ آگے بھی ایم کیو ایم ساتھ رہے گی لہٰذا ہماری ایم کیو ایم سے اپیل ہے کہ تاجر برادری میں پائی جانیوالی مایوسی اوران کے پریشانیوں کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کرے اور تاجروں کے جان و مال کا تحفظ فراہم کرنے کیلئے جرائم پیشہ دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی نے آل کراچی تاجر اتحاد کے وفد کی آمد کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ ایم کیو ایم ہمیشہ تاجر برداری کے ساتھ ہے اور ہمیں مل جل کر ہی ان ساری چیزوں کا مقابلہ کرنا ہے کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے ہمارا جینا مرنا بھی اسی شہر سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم جرائم پیشہ عناصر کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے کیونکہ ایم کیو ایم اس شہر کو اپنا سمجھتے ہیں لہٰذا ہمیں اس کی سزا دی جارہی ہے اور ہم مسلسل اپنے کارکنان کے جنازے اٹھا رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے وفد کے ارکان کو ایم کیو ایم کی جانب سے ہر فورم پر آواز بلند کرنے اور مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

## عوام وکارکنان اپنے مسائل کے حوالے سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن رابطہ نہ کریں، رابطہ کمیٹی

## لندن سیکریٹریٹ میں ای میل، فیکس اور ٹیلی فون کرنے سے اجتناب کریں

## کارکنان وعوام اپنے مسائل کے حل کیلئے خورشید بیگم سیکریٹریٹ، زونل آفسز اور علاقائی دفاتر میں رابطہ کریں

## لندن ارسال کئے جانے والے ٹیلی فون، فیکس اور ای میل قابل قبول نہیں ہونگے

## عوام و کارکنان رابطہ کمیٹی پاکستان کے ٹیلی فون نمبر 0213-6329900، فیکس نمبر: 0213-6329955 رابطہ کر کے یا ای میل ایڈریس mqmrcpk@gmail.com پر مسائل ارسال کرسکتے ہیں

کراچی:۔۔۔30، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوام وکارکنان پر واضح کیا ہے کہ عوامی مسائل کے حوالے سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ٹیلی فون، ای میل اور فیکس کرنے سے اجتناب کریں کیونکہ یہ ٹیلی فون، فیکس اور ای میل قابل قبول نہیں ہونگے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوم وکارکنان مسائل کے حل کیلئے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو عزیز آباد میں قائم خورشید بیگم سیکریٹریٹ، حیدرآباد، میر پور خاص، سکھر، نواب شاہ، پنجاب، بلوچستان سمیت ملک بھر کے دیگر زونل آفسز اور علاقائی سیکٹر آفس میں رابطہ کریں جہاں رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب نمائندے جن میں وزراء، مشیران، ارکان قومی، ارکان صوبائی اسمبلی اور دیگر تنظیمی ذمہ داران اپنی ڈیوٹی احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیتے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن رابطہ کرنے کے بجائے رابطہ کمیٹی پاکستان کے ٹیلی فون نمبر 0213-6329900، فیکس نمبر: 0213-6329955 پر رابطہ کرکے یا ای میل ایڈریس mqmrcpk@gmail.com پر مسائل ارسال رابطہ کرسکتے ہیں۔

## جناب الطاف حسین کے حالات زندگی پر مشتمل کتاب ''سفر زندگی'' کے سندھی ترجمہ اور سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی عارف خان ایڈووکیٹ کی تحریر کردہ کتاب ''انہی پتھروں پہ چل کر'' ............کی تقریب رونمائی اتوار کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوں گی

کراچی:۔۔۔30، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حالات زندگی پر مشتمل کتاب ''سفر زندگی'' کے سندھی ترجمے اور سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی عارف خان ایڈووکیٹ کی تحریر کردہ کتاب ''انہی پتھروں پہ چل کر'' کی تقریب رونمائی یکم جولائی اتوار کو شام 5 بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگی۔تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ،حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ، شاعر، دانشور، ادیب اور اہل قلم حضرات بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں کتاب کی تقریب رونمائی کے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں جبکہ تقریب میں شرکت کیلئے معززین کو دعوت نامے بھی ارسال کئے جا چکے ہیں۔

## دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت ایم کیوایم کا شعار ہے متحدہ قومی موومنٹ ''سیاست برائے خدمت'' پر عمل پیرا ہے،رضا ہارون
## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیر اہتمام لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں پولیو آگاہی پروگرام کی تقریب سے اظہار خیال

کراچی:۔۔۔30، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت ایم کیوایم کا شعار ہے متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جو سیاست برائے خدمت پر عمل پیرا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کے زیر اہتمام ''پولیو آگہی پروگرام'' کی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔تقریب سے ڈاکٹر الطاف حسین بوسن نیشنل کورڈینٹر پولیو مانیٹرنگ کوآرڈی نیشن کمیٹی،عزیز میمن چیئر مین نیشنل پولیو پلس کمیٹی روٹری انٹرنیشنل اور سی ایم ہاؤس پولیو مانیٹرنگ سیل کے ڈاکٹر احمد علی نے بھی اظہار خیال کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل (خالد عمر)، ڈرامہ نگار و معروف دانشور محترمہ فاطمہ ثریا بجیا، شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست ارکان قومی اسمبلی کشور زہرہ، محترمہ ڈاکٹر ناہید شاہد، محترمہ عمرانہ سعید بھی موجود تھیں۔تقریب میں ایم کیوایم کے عہدیداران وکارکنان کے علاوہ علاقائی خواتین نے بھی بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔رضا ہارون نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے شروع دن سے پولیو جیسی موزی بیماری کے خاتمے اور معاشرے کو پولیو سے پاک بنانے کیلئے تمام کارکنان وذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ اس حوالے سے اپنے اپنے علاقوں میں کام کریں اور ایم کیوایم نے پورے ملک میں پولیو آگاہی کے حوالے سے مہم چلائی جو نہ صرف کامیاب رہی بلکہ اس کے بہترین نتائج سامنے آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تین روزہ مہم میں رابطہ کمیٹی سے لیکر ایک ایک کارکن نے جس طرح کام کیا وہ قابل ستائش ہے اور ایم کیوایم دنیا کی واحد جماعت ہے جو سیاست کے ساتھ خدمت پر بھی بھرپور توجہ دیتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج پاکستان ان تین ممالک میں شامل ہے جو پولیو سے متاثر ہیں۔انہوں نے تمام خواتین کو متوجہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے گھروں اور علاقوں میں پولیو کے حوالے سے نظر رکھیں، زیادہ سے زیادہ آگاہی فراہم کریں اور کوشش کریں کہ کوئی بچہ ویکسین پینے سے محروم نہ رہے۔انہوں نے کہا کہ جاگیردارانہ نظام ملک کو کبھی بہتر ہوتا نہیں دیکھ سکتا لہٰذا گاؤں دیہاتوں میں جاگیردار ، وڈیرے، سرمایہ دار اور نام نہاد مولوی گاؤں دیہاتوں میں پولیو مہم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرکے اسے روکنے کی کوشش کررہے ہیں۔ڈاکٹر الطاف حسین بوسن، ڈاکٹر عزیز میمن اور ڈاکٹر احمد علی نے کہا کہ پولیو دنیا بھر کیلئے بڑا چیلنج ہے تاہم پاکستان میں اس پر تیزی سے کام ہورہا ہے اور پولیو مہم کے ذریعے بچوں کو گھر گھر قطرے پلانے کا سلسلہ سالہ سال جاری رہتا ہے جس کے بہتر نتائج سامنے آرہے ہیں جن قوموں نے پولیو کا مقابلہ کیا وہ آج اس سے بچ گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پولیو ایک ایسی موزی بیماری ہے جو ایک بچے سے دوسرے میں تیزی سے پھیلتی ہے جس کی روک تھام کیلئے بچوں کو ویکسین نیشن کے ساتھ احتیاط بھی لازمی ہے۔انہوں نے پولیو مہم میں بھرپور تعاون پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے ایک ایک کارکن کا دل سے شکریہ ادا کیا۔

## کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی جہاں آباد کے کارکن محمد اقبال سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔30، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی جہاں آباد یونٹ کے کارکن محمد اقبال کے بھائی محمد اختر مینگل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆